REGD No. L. 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹

جلد ۴۷/۱۲ ۵ صلح ۱۳۳۷ ہش ۵ جنوری ۱۹۵۸ء نمبر ۵

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ

کی صحت کیلئے دعا کی تحریکات

جیسا کہ احباب کو علم ہے کہ تفسیر صغیر کے سلسلہ میں مسلسل محنت اور ساتھ کے ساتھ سلسلہ کے دیگر امور سرانجام دینے کا حضور کی صحت پر اثر پڑا ہے۔ اور اب جلسہ سالانہ کے ایام میں بھی حضور کو بہت زیادہ محنت کرنی پڑی ہے۔ اس لئے احباب توجہ اور التزام کے ساتھ حضور کی صحت اور درازیٔ عمر کے لئے دعائیں جاری رکھیں ؛

اس سال امریکہ روس کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی پوری کوشش کریگا

روسی لیڈروں کے نام صدر آئزن ہاور کی طرف سے نئے سال کا پیغام

گیٹس برگ (پنسلوانیہ) صدر آئزن ہاور نے روسی لیڈروں کے نام نئے سال کے پیغام میں کہا ہے کہ نئے سال کے دوران امریکہ روس کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ صدر آئزن ہاور اس پیغام کا جواب دے رہے تھے جو سپریم سوویٹ پریذیڈیم کے صدر وروشیلوف وزیر اعظم مارشل بلگانن اور کمیونسٹ پارٹی کے فرسٹ سیکرٹری مسٹر خروشچیف کی طرف سے موصول ہوا تھا۔ صدر کا جوابی پیغام حسب ذیل الفاظ پر مشتمل تھا۔

”اہلِ امریکہ کی طرف سے میں مبارکباد کے جواب میں آپ لوگوں کو نئے سال کی مبارکباد دیتا ہوں۔ میری دعا ہے کہ نئے سال کے دوران روس کے باشندوں کو ہر طرح کا امن حاصل ہو۔ اور وہ ایک اور زیادہ خوشحال اور فارغ البال زندگی کے ان بنیادی امور سے پوری طرح بہرہ ور اور متمتع ہوں۔ جو تمام بنی نوع انسان کے لئے مطمح نظر کا درجہ رکھتے ہیں۔ میں دلی طور پر یہ توقع رکھتا ہوں۔ کہ نیا سال روس اور امریکہ کے عوام اور اسی طرح دوسری قوموں کے مابین بہتر مفاہمت پیدا کرنے کا موجب ہوگا۔ آپ یقین رکھیں۔ کہ امریکہ کی حکومت اس مقصد کے حصول کے لئے ہر ممکن کوشش کرے گی“

اردن کیلئے امریکہ کی اقتصادی اور فوجی امداد

اردن اب تک تین کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر کی امداد حاصل کر چکا ہے۔

عمان ۴ جنوری۔ اردن کی وزارت خزانہ کے ایک ترجمان نے انکشاف کیا ہے کہ اردن اپریل ۱۹۵۶ء سے اب تک امریکہ سے ۲ کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر کی اقتصادی اور ایک کروڑ ڈالر کی فوجی امداد حاصل کر چکا ہے۔ اردن اس ۱، ۵۰ لاکھ ڈالر کی مزید امداد بھی حاصل کرے گا۔ معاہدہ کے تحت یہ امداد کی آخری کھیپ ہوگی۔ اسی طرح اردن کے ترقیاتی بورڈ کو توقع ہے۔ کہ اسے برطانیہ کی طرف سے ایک کروڑ ۲۰ لاکھ پاونڈ کا قرضہ مل جائیگا یہ قرضہ گزشتہ سال مارچ میں برطانیہ اور اردن کے معاہدے کی تنسیخ کے بعد روک لیا گیا تھا۔ امید کی جاتی ہے۔ کہ تعلقات بہتر ہو جانے پر اب یہ قرضہ دے دیا جائے گا۔

شاہ افغانستان کا

متوقع دورۂ پاکستان

کراچی ۳ جنوری۔ افغانستان کے فرمانروا ظاہر شاہ کی آئندہ تین ہفتہ کے اندر اندر پاکستان میں آمد متوقع ہے۔ شاہ نے صدر اسکندر مرزا کی طرف سے پاکستان آنے کی نئی دعوت منظور کر لی ہے۔ آجکل دونوں حکومتوں کے مشورے سے ان کے دورے کا پروگرام مرتب کیا جا رہا ہے۔

گزشتہ پروگرام کے مطابق شاہ نے ۱۱ نومبر کو پاکستان کے دس روزہ شاہی دورے پر کراچی آنا تھا۔ لیکن بعد میں صدر اسکندر مرزا کی درخواست پر ان کا دورہ کچھ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا گیا تھا۔

معاہدۂ جنوب مشرقی ایشیا کی

وزارتی کونسل کا چوتھا اجلاس

کراچی ۴ جنوری۔ حال ہی میں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے۔ کہ معاہدۂ جنوب مشرقی ایشیا کی وزارتی کونسل کا چوتھا اجلاس اس سال منیلا میں دس مارچ سے ۱۳ مارچ تک منعقد ہوگا ؛

مغربی پاکستان میں خوراک کے نئے کمشنر

لاہور ۴ جنوری۔ مسٹر نیاز احمد سی ایس پی کو حال ہی میں حکومت مغربی پاکستان کا فوڈ کمشنر اور محکمہ خوراک کا سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے ؛

مڈل سکول کے امتحان میں شریک

ہونیوالے طلباء کو انتباہ

لاہور ۴ جنوری۔ محکمہ تعلیم نے مڈل سکول کے امتحانات میں شامل ہونے والے طلباء کو خبردار کیا ہے۔ کہ وہ ان غیر مصدقہ ڈیٹ شیٹس پر اعتماد نہ کریں جو بعض پبلشرز کی طرف سے شائع کی جا رہی ہیں۔ مڈل سکول امتحان بابت ۱۹۵۸ء کی ڈیٹ شیٹ عنقریب محکمہ تعلیم کی طرف سے شائع کر دی جائیگی

- اخبار احمدیہ -

ربوہ ۴ جنوری۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے کل نماز جمعہ پڑھائی۔ اور بصیرت افروز خطبہ ارشاد فرمایا

نماز جمعہ کے بعد حضور نے حسب ذیل احباب جماعت کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

(۱) حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانیؓ

(۲) حضرت سیٹھ اسمٰعیل آدم صاحبؓ آف بمبئی

(۳) مکرم خوشی محمد صاحب کشمیری دھارووال گجرات

(۴) اہلیہ صاحبہ صوبیدار اللہ یار خان صاحب چاہ جوگی ضلع سرگودھا

(۵) مکرم ملک عبدالرحمٰن صاحب لاہور

(۶) مکرم سورج علی صاحب جمال پور مشرقی پاکستان

(۷) مکرم ماسٹر محمد حسن صاحب تاج پشاور

(۸) رحیم بی بی صاحبہ اہلیہ مستری امام الدین صاحب اوکاڑہ

(۹) خورشید بیگم صاحبہ موضع کجہ ضلع شیخوپورہ

(۱۰) اہلیہ صاحبہ سید زمان شاہ صاحب لاہور

(۱۱) محترم میاں اللہ رکھا صاحبؓ چوہدری بن باجوہ والے سیالکوٹ

(۱۲) مکرم حاجی شمس الدین صاحب مانڈے والے چکوال ضلع جہلم

(۱۳) مکرم الٰہی بخش صاحب بستی گنداں ڈیرہ غازیخاں

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں طبع کرا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا

ایڈیٹر :- روشن دین تنویر بی۔ اے، ایل ایل۔ بی

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۵ رجنوری ۱۹۵۸ء

"اسلامی مذاکرہ"

لاہور میں جو "اسلامی مذاکرہ" ہو رہا ہے۔ اس کے متعلق بعض اخبارات نے تنقیدی اداریئے سپرد قلم کئے ہیں۔ ذیل میں ہم ایسے دو اخباروں کے اداریوں سے کچھ حصے نقل کرتے ہیں۔

معاصر تسنیم لاہور اپنی اشاعت مورخہ یکم جنوری میں رقمطراز ہے۔

"لاہور میں جو عظیم الشان "اسلامی مذاکرہ" اس وقت ہو رہا ہے۔ اور جس میں پوری دنیا کے اہم ممالک سے اہل علم شرکت فرما رہے ہیں۔ اور اسلام کے بارے میں اپنے خیالات پیش کر رہے ہیں۔ اس کی یہ خصوصیت قابل غور ہے کہ اس میں تقریباً ہر مقرر اسلام کی خدمت میں مدح وثنا کا ایک قصیدہ پیش کرتا ہے ....

یہ مدحیہ قصائد اپنی حقیقت کے اعتبار سے بلاشبہ درست ہیں۔ مگر ایسے قصائد تو مدت سے اسلام کی خدمت میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ مسلمانوں نے اپنے دین سے جذباتی تعلق رکھنے کی وجہ سے انہیں تجزیہ بیان کیا ہے۔ اور غیر مسلموں نے کچھ رواداری کے تحت اس کی شان میں ایسے قصائد کہے ہیں اور کچھ اسلام کی صداقت اور انسانی فطرت سے اس کی تعلیمات کی ہم آہنگی نے انہیں اس طرح متاثر کیا کہ وہ اسے خراج عقیدت پیش کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ مگر محض ان مدحیہ قصائد سے اسلام ان دکھوں اور امراض کا مداوا کیسے کر سکتا ہے جن میں اس وقت انسانیت مبتلا ہے۔ اور اس کے دامن میں جو اخلاقی اقدار روحانی زندگی آزادی فکر و نظر اور اقتصادی و معاشرتی اصول ہیں۔ ان سے انسانیت کس طرح بہرہ یاب ہو سکتی ہے۔ اسلام کو حقیقی ضرورت اس کی نہیں ہے کہ اس کی شان میں قصیدہ سرائی کی جائے۔ بلکہ اس کی ہے کہ اس کے دامن میں نوع انسان کی انفرادی و اجتماعی فلاح کا جو پیغام ہے اس کو زندگی میں عملاً نافذ کیا جائے۔ یہ کوئی جنتر منتر نہیں۔ کہ محض زبان سے جپنے سے ملکوں اور قوموں کی کایا پلٹ جائے گی"۔

(تسنیم لاہور یکم جنوری ۱۹۵۸ء)

اسی طرح روزنامہ شہباز پشاور اپنی اشاعت ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۷۷ھ میں لکھتا ہے

"جو لوگ سٹیجوں پر آ کر اسلام کی بے حد تعریفیں کرتے ہیں۔ اسلام کے علمبردار بنتے ہیں۔ اسلام کو دنیا کے مصائب و آلام کا نجات دہندہ قرار دیتے ہیں۔ جب اپنے عمل سے نفی کرتے ہیں تو نہ صرف اسلام کی توہین ہوتی ہے اس کی تعلیمات کا مضحکہ اڑتا ہے۔ بلکہ پوری قوم میں مایوسی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ اس لئے ہم اپنے ان راہ نماؤں سے جو بڑھ چڑھ کر باتیں کرتے ہیں۔ یہ کہیں گے کہ وہ صحیح اور سیدھا راستہ اختیار کریں۔

اسلام یقیناً سب سے اہم اور مؤثر نظریہ ہے۔ اس کی وسعتیں نظری اور فکری لحاظ سے سب مصائب کو محیط کر لیتی ہیں۔ صدر اسکندر مرزا نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ سب برحق ہے۔ لیکن جب تک یہ حضرات اپنے اعمال کو اسلام کے سانچے میں نہ ڈھال لیں۔ اور اس مملکت خداداد کو اسلامی نظریات کے مطابق تبدیل نہ کر لیں۔ اس وقت تک تمام تعریفیں محض کاغذی پھول ہیں جو صرف رنگت کے لحاظ سے خوشنما ہوں تو ہوں۔ لیکن نہ تو ان میں بو ہے اور نہ ہی انہیں پھول کہا جا سکتا ہے۔ اس لئے مجالس مذاکرہ وغیرہ کا فائدہ صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے۔ جب اعمال بھی تعلیمات کے سانچے میں ڈھلے ہوئے ملیں"۔

(شہباز ۱۰ رجمادی الثانی ۱۳۷۷ھ)

اگرچہ ہم ایسے مذاکروں کی افادیت کے منکر نہیں ہیں۔ لیکن معاصرین کے اس خیال سے متفق ہیں۔ کہ محض اسلام کی خوبیاں تحریر و تقریر میں بیان کر دینا کافی نہیں ہے۔ بلکہ اسلام کی محبت کا یہ تقاضا ہونا چاہیئے۔ کہ ہم اس کے اصولوں پر عمل کریں۔ اور خود بھی فائدہ اٹھائیں۔ اور دوسروں کے سامنے اپنے اعمال سے صحیح اسلامی کردار کا نمونہ پیش کریں ۔

سوال یہ ہے کہ ان اخبارات نے "اسلامی مذاکرہ" کے متعلق ان خیالات کا کیوں اظہار کیا ہے۔ اس کی وجہ خود ان کے اداریوں سے واضح ہوتی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے اسلام پر بلند بانگ مقالے سنائے ہیں۔ اور اس کی خوبیوں کے گن گائے ہیں۔ وہ خود اسلامی اصولوں کے پابند نہیں ہیں۔ اگرچہ بے عمل لوگوں کا اسلام کی خوبیاں بیان کرنا بھی خالی از فائدہ نہیں ہے۔ پھر بھی یہ خواہش کہ یہ لوگ اسلام کے اصولوں کے پابند ہوتے غیر فطری نہیں۔ اور انسان توقع کرتا ہے۔ کہ جس کردار کی اتنی تعریفیں کی جاتی ہیں تعریفیں کرنے والے اس کے پابند بھی ہوتے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ آج بڑھ چڑھ کر اسلام کی خوبیاں بیان کرنے والے اکثر لوگ عملاً اس کے اصولوں پر عامل نہیں ہیں۔ جہاں تک ہم نے اس پر غور کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ بے شک اسلام ایک معقول دین ہے۔ اور اس کے اصول فطرت کے مطابق ہیں۔ لیکن وہ محض ایک فلسفہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کی بنیاد "ایمان" پر ہے۔ بے شک اسلامی اصول عقل کے ترازو پر بھی پورے اترتے ہیں۔ لیکن جب تک ان پر عمل نہ کیا جائے۔ ان کا فلسفہ بیان کر دینا ان اصولوں کی خوبیاں تو ظاہر کر دیتا ہے۔ لیکن ان سے انسانیت کو اس وقت تک کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ جب تک ان پر ایسا کامل ایمان پیدا نہ ہو۔ جو قدرتی عمل پر منتج ہوتا ہے۔ قرآن کریم نے شروع ہی میں بتا دیا ہے کہ

ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ
فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ
الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ

یہ ایسی کتاب ہے جو بلاشبہ متقیوں کی جو غیب پر ایمان لاتے ہیں راہ نمائی کرتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ اسلامی اصول صرف ایسے لوگوں کی راہ نمائی کرتے ہیں۔ جن کو غیب پر ایمان ہو۔ اور جیسا کہ ہم نے کہا ہے۔ کہ یہ ایمان ایسا ہو کہ جو عمل پر منتج ہو۔ ظاہر ہے کہ کسی شے پر ایسا ایمان اسی وقت پیدا ہوتا ہے۔ جب ہم اس کو محسوس کریں۔ غیب پر ایمان کے یہ معنے نہیں ہیں۔ کہ ہم غیب پر بغیر کسی احساس کے ایمان رکھیں۔ غیب کوئی خلا نہیں ہے۔ اس لئے ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا۔ البتہ قرآن کریم میں ایسے ذرائع بھی بتائے گئے ہیں۔ جن سے غیب پر ایسا ایمان ہوتا ہے ان میں سے وحی والہام واضح ترین ذریعہ ہے ۔

موجودہ زمانہ میں تجرباتی سائنس کی ترقی نے انسان کو ان ذرائع کا منکر بنا دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اسلام کی خوبیاں بھی صرف مادی نقطہ نظر سے جانچنے کے عادی ہو گئے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے۔ کہ ہم اس کی خوبیاں تو بلند بانگ دعاوی سے بیان کرتے ہیں۔ مگر ان سے کسی عملی زندگی کا ارتقا نہیں ہو رہا۔

ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ خود وہ لوگ بھی جو "اسلامی مذاکرہ" پر اس قسم کی تنقیدیں کر رہے ہیں۔ اس حقیقت سے نا آشنا ہیں۔ اور وہ خود بھی اس زمانہ میں وحی والہام کے منکر ہیں۔ دوسرے لفظوں میں انہیں خود بھی ایمان بالغیب حاصل نہیں ہے اس لئے ان کی یہ تنقیدیں بھی معترضین پر کوئی اثر نہیں کر سکتیں۔ کیونکہ خود ان کو بھی وہ ایمان حاصل نہیں ہے۔ جو اسلام کی عملی زندگی پر منتج ہوتا ہے ۔

تعلیم الاسلام کالج

۷ رجنوری کو کھلے گا

تعلیم الاسلام کالج کے پروفیسران طلباء کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ کالج ۶ رجنوری ۱۹۵۸ء کی بجائے ۷ رجنوری کو کھلے گا ۔

(مرزا ناصر احمد پرنسپل تعلیم الاسلام کالج)

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے ۔

مکرم ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم مرحوم

سینتالیس ۴۷ سال کی عمر اور خادم صاحب کا آخری خط

(رقم فرمودہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی)

مکرم ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم مرحوم و مغفور کے متعلق ایک نوٹ الفضل میں بھجوا چکا ہوں۔ خادم صاحب مرحوم کا جنازہ گجرات سے ہوتا ہوا ڈیڑھ بجے بعد دوپہر ربوہ پہنچ گیا تھا۔ جہاں حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ نے بعد نماز عصر ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ نماز جنازہ ادا کی اور اس کے بعد نماز مغرب کے قریب مرحوم کو مقبرہ بہشتی ربوہ میں سینکڑوں لوگوں کی دلی دعاؤں کے ساتھ دفن کیا گیا۔ نماز جنازہ کے وقت اور اس کے بعد حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ کا دل اس صدمہ سے بہت متاثر معلوم ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا حافظ و ناصر ہو اور حضور کے سایۂ عاطفت میں جماعت کے نوجوانوں کو توفیق دے کہ وہ مرنے والے بزرگوں اور مجاہدوں کی جگہ لینے اور خدمت دین کے میدان میں آگے سے آگے قدم بڑھا کر جماعت میں ہر امکانی خلا کو پر کرنے کے لئے کامیاب جدوجہد کر سکیں۔ اللّٰھم آمین

میں نے اپنے پہلے نوٹ میں ذکر کیا تھا کہ خادم صاحب مرحوم کی عمر غالباً پچاس سال سے کم ہو گی۔ مگر اس کے بعد تدفین کے وقت معلوم ہوا کہ ان کی عمر صرف سینتالیس ۴۷ سال تھی۔ اس وقت مجھے اچانک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا یہ الہام یاد آیا کہ:۔

"سینتالیس ۴۷ سال کی عمر میں

کفن میں لپیٹ گیا"

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو یہ الہام حضرت مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم و مغفور کی وفات کے قریب ہوا تھا۔ اور اس الہام کا پہلا مصداق حضرت مولوی صاحب کی ذات والا صفات ہی تھی۔ لیکن چونکہ بعض اوقات خدائی کلام میں تنوع ہوتا ہے اور ایک ہی الہام میں متعدد واقعات کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے اس لئے اس الہام کا دوسرا جلوہ قریباً پچیس ۲۵ سال بعد حضرت حافظ روشن علی صاحب مرحوم کی وفات میں نظر آیا۔ کیونکہ حضرت حافظ صاحب مرحوم بھی سینتالیس کی عمر میں فوت ہوئے تھے۔ اور اب قریباً مزید اٹھائیس سال بعد ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم بھی سینتالیس سال کی عمر میں فوت ہوئے ہیں۔ اور پھر عجیب بات یہ ہے کہ تبلیغ حق کے میدان میں ان تینوں اصحاب کا انداز بھی کم و بیش ایک جیسا ہی تھا یعنی وہی غیر معمولی جوش و خروش وہی تیغ عریاں کا رنگ وہی بلا خوف لومۃ لائم اظہار حق کا انداز مگر جو اول ہے وہ اول ہے۔

اس جگہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جو آخری خط مجھے خادم صاحب مرحوم کا لاہور سے موصول ہوا۔ وہ دعاؤں کی تحریک اور ذکر خیر کی غرض سے ذیل میں درج کر دیا جائے۔ خادم صاحب اپنے آخری خط محررہ ۷؍ دسمبر ۱۹۵۷ء میں لکھتے ہیں:۔

نقل خط محترم ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم مرحوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

میو ہسپتال ۸۰۷۰۴

کمرہ نمبر ۵ لاہور

مورخہ ۵۷/۱۲/۷

محترم و مکرم و مخدومی حضرت میاں صاحب سلمکم اللہ تعالیٰ و ایدہ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ'

جناب کا گرامی نامہ آج موصول ہوا۔ اس توجہ اور شفقت کے لئے جو آپ میرے حال پر فرما رہے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزا دے اور اپنے فضلوں اور رحمتوں کی لا انتہا بارشیں آپ پر برسائے (آمین)

اپنی موجودہ بیماری کے دوران میں جب سے میری طبیعت سنبھلی ہے اور کسی قدر توجہ سے دعا کرنے کے قابل ہوا ہوں بالالتزام روزانہ آپ کی صحت و عافیت۔ درازیٔ عمر اور اسلام کی بیش از پیش خدمات سرانجام دینے کی توفیق پانے کے لئے دعا کرتا ہوں اور ان شاء اللہ العزیز کرتا رہوں گا۔ علاوہ ازیں حضرت ام مظفر کی شفایابی اور تندرستی و توانائی و درازیٔ عمر کے لئے بھی بالالتزام دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان دعاؤں کو قبول فرمائے آمین۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں اب بخیریت ہوں۔ آخری ایکسرے ۵/۱۲/۵۷ کو ہوا تھا جس سے یہ معلوم ہوا کہ دایاں پھیپھڑہ جو متاثر تھا اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب صاف ہو گیا ہے۔ اور جھلی میں پانی بھی خشک ہو چکا ہے۔ صرف تھوڑا سا نچلا حصہ ذرا ناصاف دکھائی دیتا تھا جس کے بارہ میں یہ خیال تھا کہ جھلی کے موٹا ہو جانے کے باعث ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ابھی قلیل مقدار میں پانی موجود ہو۔ اگرچہ ایکسرے یا دوسرے ذرائع سے وہ نظر نہیں آتا۔ اس لئے یہ فیصلہ ہوا کہ ہفتہ عشرہ اور انتظار کر لی جائے۔ اب ان شاء اللہ العزیز ۱۴/۱۲/۵۷ پرسوں آخری ایکسرے ہو گا۔ اور اس کے بعد جیسا کہ ڈاکٹر پیرزادہ صاحب نے کہا ہے چھٹی ہو گی۔ یہ ایکسرے محض احتیاطاً لیا جا رہا ہے۔ ورنہ پیرزادہ صاحب تو ۷/۱۲/۵۷ ہی کو چھٹی دے رہے تھے۔ لیکن میرے کہنے پر کہ ہفتہ عشرہ اور انتظار کر لیا جائے وہ رضامند ہو گئے۔

اندازہ یہی ہے کہ یہاں سے ۲۰/۱۲/۵۷ تک فراغت ہو جائے گی۔ اس کے بعد ابھی تک یہ طے نہیں پایا کہ آیا مجھے گجرات چلے جانا چاہیئے یا کچھ دن اور لاہور میں ہی ٹھہرنا چاہیئے۔ برادرم فیضی صاحب کی خواہش ہے کہ ہسپتال سے فارغ ہو کر ہفتہ عشرہ ان کے ہاں ٹھہر دوں۔ اس کے بارہ میں ابھی تک میری طبیعت کوئی فیصلہ نہیں کر سکی جلسہ سالانہ بھی قریب آ رہا ہے اور سیدنا حضرت امیرالمومنین کی خرابیٔ صحت کے پیش نظر انتہائی خواہش ہے کہ اس میں بھی شمولیت کی توفیق ملے اور اس غرض سے دعائیں بھی بہت کی ہیں۔

میں سیدنا حضرت امیرالمومنین کی درازیٔ عمر۔ صحت و عافیت اور طاقت و توانائی کی بحالی کے لئے بالالتزام دعا کرتا ہوں اور یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ضرور ہماری عاجزانہ دعائیں سنیگا۔ اور حضور کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

مولوی رحمت علی صاحب کو آپ کا پیغام پہنچا دیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ زخم میں درد ہے اور پیپ بھی ہے۔ جو روزانہ نکالی جاتی ہے۔ دعا کے لئے درخواست کرتے ہیں۔

بالآخر درخواست ہے کہ میری مکمل صحتیابی اور قوت و توانائی کی بحالی کے لئے بھی دعا فرمائیں۔ اور اس امر کے لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ دین کی بے لوث خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

(احقر خادم ملک عبدالرحمٰن خادم)

دوستوں کو دعا کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ خادم صاحب مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔ ان کی اولاد کا حافظ و ناصر ہو اور جماعت میں فوت ہونے والے بزرگوں کے علم و عمل کے وارث پیدا کرے۔ آمین یا ارحم الراحمین۔

خاکسار راقم آثم مرزا بشیر احمد ربوہ

۵۸-۱-۲

جامعہ نصرت

۷؍ جنوری کو کھلے گا

"جامعہ نصرت ۵؍ جنوری کی بجائے ۷؍ جنوری بروز منگل صبح ساڑھے آٹھ بجے کھلے گا تمام بورڈرز سوموار کی شام کو ہوسٹل پہنچ جائیں۔

پرنسپل جامعہ نصرت

ربوہ

پیشگوئی مصلح موعود کا حقیقی مصداق

تقریر مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس بر موقع جلسہ سالانہ ۵۷ء

(قسط نمبر ۲)

پہلی دلیل
مصلح موعود آپ کا صلبی بیٹا ہوگا

پیشگوئی کے اصل الفاظ ذکر کرنے کے بعد ہم اس امر پر غور کرتے ہیں کہ وہ پسر موعود مصلح موعود آپ کا صلبی بیٹا ہوگا یا آپ کی دور کی نسل میں سے کوئی ہوگا یا صرف آپ سے روحانی تعلق رکھنے والا ہوگا۔

(۱) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث یتزوج ویولد لہ سے حسب تشریح حضرت مسیح موعود علیہ السلام صاف ظاہر ہے کہ مسیح موعود کا ایک صالح اور پارسا بیٹا ہوگا۔ جو اس کی نظیر ہوگا۔

(۲) اسی طرح حضرت نعمت اللہ ولی کی پیشگوئی سے بھی یہی ظاہر ہے کہ امام مہدی مسیح موعود کا ایک پسر اس کا جانشین ہوگا۔

(۳) حضرت مسیح موعودؑ کی پیشگوئی کے الفاظ

"تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا ایک زکی غلام تجھے ملے گا وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت ونسل سے ہوگا۔"

سے ظاہر ہے کہ وہ آپ کا صلبی بیٹا ہوگا۔

(۴) حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"خدا نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ تیری برکات کا دوبارہ نور ظاہر کرنے کے لئے تجھ سے ہی اور تیری ہی نسل میں سے ایک شخص کھڑا کیا جائے گا ...... وہ پاک باطن اور خدا سے نہایت پاک تعلق رکھنے والا ہوگا۔ اور مظہر الحق والعلاء ہوگا۔ گویا خدا آسمان سے نازل ہوا (تحفہ گولڑویہ صلالا) یہی الفاظ مصلح موعود والی پیشگوئی میں ہیں۔

(۵) نیز نشان طلب کرنیوالے ہندوؤں کے لئے وہ لڑکا تبھی نشان ہو سکتا تھا کہ وہ ان کی زندگی میں پیدا ہوتا ورنہ ان کے لئے وہ نشان نہیں بن سکتا تھا۔

(۶) حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"خدا تعالیٰ نے مجھ پر یہ بھی ظاہر کیا کہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی پیشگوئی حقیقت میں دو سعید لڑکوں کے پیدا ہونے پر مشتمل تھی اور اس عبارت تک کہ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے پہلے بشیر کی نسبت پیشگوئی ہے کہ جو روحانی طور پر نزول رحمت کا موجب ہوا اور اس کے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے۔

(سبز اشتہار حاشیہ صفحہ ۱۵-۱۷)

اور دوسرا بشیر مصلح موعود کا نام ہے۔

(سبز اشتہار حاشیہ صفحہ ۲۱)

پس اللہ تعالیٰ نے آپ پر یہ انکشاف کیا کہ مصلح موعود آپ کا بیٹا ہوگا۔

(۷) مصلح موعود کے متعلق فرزند دلبند وگرامی ارجمند مظہر الحق والعلاء الہامی الفاظ ہیں جن میں مصلح موعود کو آپ کا فرزند یعنی بیٹا قرار دیا گیا ہے۔

(۸) اشتہار ۲۲ مارچ ۱۸۸۶ء میں فرماتے ہیں:۔

"اس عاجز کے اشتہار مؤرخہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء جس میں ایک پیشگوئی دربارہ تولد ایک فرزند صالح ہے جو بصفات مندرجہ اشتہار پیدا ہوگا (یاد رہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حدیث یتزوج ویولد لہ کی تشریح میں بھی ولد صالح کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں)۔ ابھی تک جو ۲۲ مارچ ۱۸۸۶ء ہے۔ ہمارے گھر میں کوئی بجز پہلے دو لڑکوں کے جن کی عمر ۲۰-۲۲ سال سے زیادہ ہے پیدا نہیں ہوا۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ الٰہی نو برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہو جائیگا خواہ وہ جلد ہو خواہ دیر سے۔ بہرحال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا۔"

(۹) ۸ اپریل ۱۸۸۶ء کے اشتہار میں مصلح موعود کا لقب پسر موعود ہے پسر کے معنے بیٹے کے ہیں۔

(۱۰) آئینہ کمالات اسلام میں آپ فرماتے ہیں

"پیشگوئیوں کے مجموعی الفاظ یہ ہیں کہ بعض لڑکے فوت بھی ہوں گے اور ایک لڑکا خدا تعالیٰ سے ہدایت میں کمال پائیگا۔"

(آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۲۰۵)

ان حوالجات سے روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں جس خاص لڑکے کے متعلق پیشگوئی کی گئی ہے وہ آپ کا صلبی بیٹا ہوگا۔

نو سالہ میعاد

اشتہار ۲۲ مارچ ۱۸۸۶ء میں جیسا کہ اوپر اس کے ماتحت ذکر کیا جا چکا ہے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں پسر موعود جو مصلح موعود ہے نو سال کے عرصہ میں ضرور پیدا ہو جائے گا۔ اس اعلان میں منشی اندرمن مراد آبادی نے یہ نکتہ چینی کی کہ نو برس کی حد جو پسر موعود کی بیان کی گئی ہے یہ بڑی گنجائش کی جگہ ہے۔ اس نکتہ چینی کا جواب حضرت اقدسؑ نے یہ دیا۔

"جن صفات خاصہ کے ساتھ لڑکے کی بشارت دی گئی ہے۔ کسی لمبی میعاد سے گو نو برس سے بھی دوچند ہوتی اس کی عظمت وشان میں کچھ فرق نہیں آسکتا۔"

(اشتہار ۸ اپریل ۱۸۸۶ء)

پھر اسی نو برس کی میعاد کا ذکر اپنے اشتہار محک اخیار واشرار میں دو تین جگہ کیا ہے۔

پس حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ان بیانات سے روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ پسر موعود مندرجہ اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء جو مصلح موعود ہوگا بموجب وعدہ الٰہی نو برس کے اندر اندر یعنی فروری ۱۸۸۶ء سے لے کر فروری ۱۸۹۵ء تک ضرور پیدا ہو جائے گا۔

پسر موعود کے اسماء

اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء و ۸ اپریل ۱۸۸۶ء کے بعد ۷ اگست ۱۸۸۷ء کو آپ کے ہاں لڑکا پیدا ہوا جو بشیر اول کے نام سے مشہور ہوا اور آپ نے اس کے متعلق کسی اشتہار میں یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مصلح موعود اور لمبی عمر پانے والا لڑکا ہے اور وہ ۴ نومبر ۱۸۸۸ء کو وفات پا گیا جس پر مخالفین اسلام نے نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھا کہ یہ وہی بچہ ہے جس کی نسبت اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء اور ۸ اپریل ۱۸۸۶ء اور ۷ اگست ۱۸۸۷ء میں ظاہر کیا گیا تھا۔ کہ وہ صاحب شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ مخالفین کی اس قسم کی نکتہ چینیوں کا ناقابل تردید جواب آپ نے اشتہار یکم دسمبر ۱۸۸۸ء میں دیا جو بعد میں سبز اشتہار کے نام سے موسوم ہوا۔ اس سبز اشتہار کے صفحہ ۲۱ میں ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کا حوالہ دے کر آپ نے تحریر فرمایا:۔

"بذریعہ الہام صاف طور پر کھل گیا ہے کہ یہ سب عبارتیں پسر متوفی کے حق میں ہیں۔ اور مصلح موعود کے حق میں جو پیشگوئی ہے وہ اس عبارت سے شروع ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ فضل ہے کہ جو اس کے آنے کے ساتھ آئیگا پس مصلح موعود کا نام الہامی عبارت میں فضل رکھا گیا ہے اور نیز دوسرا نام اس کا محمود اور تیسرا نام اس کا بشیر ثانی بھی ہے۔ اور ایک الہام میں اس کا نام فضل عمر ظاہر کیا گیا ہے۔"

اور سبز اشتہار سے پہلے اشتہار ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء کے تتمہ میں آپ نے تحریر فرمایا:

"ایک اور لڑکا ہونے کا قریب مدت تک وعدہ دیا۔ جس کا نام محمود احمد ہوگا اور اپنے کاموں میں اولوالعزم نکلے گا۔"

اسی اشتہار کا حوالہ دے کر آپؑ سبز اشتہار کے صفحہ ۷ پر تحریر فرماتے ہیں:۔

"اور دوسرا لڑکا جس کی نسبت الہام نے بیان کیا کہ دوسرا بشیر دیا جائے گا۔ جس کا دوسرا نام محمود ہے وہ اگرچہ اب تک جو یکم دسمبر ۱۸۸۸ء ہے پیدا نہیں ہوا۔ مگر خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق اپنی میعاد کے اندر ضرور پیدا ہوگا۔ زمین و آسمان ٹل سکتے ہیں۔ پر اس کے وعدوں کا ٹلنا ممکن نہیں۔"

اور سبز اشتہار کے صفحہ ۱۷ میں فرمایا:۔

"دوسری قسم رحمت کی جو ابھی ہم نے بیان کی ہے۔ اس کی تکمیل کے لئے خدا تعالیٰ دوسرا بشیر بھیجے گا۔ جیسا کہ بشیر اول کی موت سے پہلے ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء کے اشتہار میں اس کے بارے میں پیشگوئی کی گئی ہے اور خدا تعالیٰ نے

اس عاجز پر ظاہر کیا کہ ایک دوسرا بشیر تمہیں دیا جائیگا۔ جس کا نام محمود بھی ہے۔ وہ اپنے کاموں میں اولوالعزم ہوگا یخلق اللہ ما یشاء“

پس معلوم ہوا کہ دوسرا بشیر جس کا نام محمود یا محمود احمد بھی ہے۔ وہی پسر موعود اور وہی مصلح موعود ہے اور اسی کا نام فضل اور فضل عمر ہے۔

مصلح موعود بشیر ثانی کی ولادت کے زمانہ کی تعیین

اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ مصلح موعود مطابق وعدہ الٰہی ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء سے نو برس کی میعاد کے اندر پیدا ہوگا۔ اور اشتہار ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جلدی پیدا ہوگا۔ لیکن سبز اشتہار ص۲۱ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ بشیر اول کے بعد بلا توقف پیدا ہوگا چنانچہ حضرت اقدسؑ فرماتے ہیں:-

”مصلح موعود کے حق میں جو پیشگوئی ہے وہ اس عبارت سے شروع ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ فضل ہے جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ پس مصلح موعود کا نام الہامی عبارت میں فضل رکھا گیا“

پس الہام کی تشریح یہ ہوئی کہ بشیر اوّل کے ساتھ فضل یعنی مصلح موعود ہے جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ پس الفاظ بشیر اول کے ساتھ مصلح موعود اور اس کے آنے کے ساتھ اس کے آنے سے مراد یہی ہے کہ وہ بشیر اوّل کے بعد بلا توقف پیدا ہوگا۔ اس کے آگے فرماتے ہیں:-

”نیز دوسرا نام اس کا محمود اور تیسرا نام اس کا بشیر ثانی بھی ہے اور ایک الہام میں اس کا نام فضل عمر ظاہر کیا گیا ہے اور ضرور تھا کہ اس کا آنا معرض التوا میں رہتا جب تک یہ بشیر جو فوت ہو گیا ہے پیدا ہو کر پھر واپس اٹھایا جاتا۔ کیونکہ یہ سب امور حکمت الٰہیہ نے اس کے قدموں کے نیچے رکھے تھے اور بشیر اول جو فوت ہو گیا ہے بشیر ثانی کے لئے بطور ارہاص تھا۔ اس لئے دونوں کا ایک ہی پیشگوئی میں ذکر کیا گیا“

ارہاص سے مراد یہی ہے کہ بشیر اوّل بشیر ثانی کے آنے کی ایک علامت اور بشارت تھی۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مؤرخہ ۴ دسمبر ۱۸۸۸ء کو یعنی سبز اشتہار کے لکھنے سے تین روز بعد حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کو ایک خط لکھا جس میں آپ نے فرمایا:-

”اور یوں ہوا کہ اس لڑکے (یعنی بشیر اول) کی پیدائش کے بعد اس کی طہارت باطنی اور صفائی استعداد کی تعریفیں الہام میں بیان کی گئیں اور پاک اور نور اللہ اور ید اللہ اور مقدس اور بشیر خدا با ماست اس کا نام رکھا گیا سو ان الہامات نے یہ خیال پیدا کر دیا کہ غالباً یہ وہی مصلح موعود ہوگا۔ مگر پیچھے سے کھل گیا کہ مُصلح موعود نہ تھا مگر مصلح موعود کا بشیر تھا“

اسی طرح سبز اشتہار ص۱۵ میں بشیر اول کے متعلق فرماتے ہیں۔

”بذریعہ الہام بتایا گیا اور صاف ظاہر کیا گیا کہ ظلمت اور روشنی دونوں اس لڑکے کے قدموں کے نیچے ہیں۔ یعنی اس کے قدم اٹھانے کے بعد جو موت سے مراد ہے اس کا آنا ضرور ہے سو اے وے لوگو جنہوں نے ظلمت کو دیکھ لیا حیرانی میں مت پڑو بلکہ خوش ہو۔ اور خوشی سے اچھلو کہ اس کے بعد اب روشنی آئے گی“

اور ۸ اپریل ۱۸۸۶ء کے اشتہار میں بشیر اول کی پیدائش کے متعلق بشارت کا ذکر کر کے فرماتے ہیں:-

”اس کے بعد یہ بھی الہام ہوا: کہ انہوں نے کہا کہ آنے والا یہی ہے یا ہم دوسرے کی راہ تکیں“

پس جب بشیر اوّل مصلح موعود نہ تھا۔ تو دوسرا لازمی طور پر مصلح موعود ہونا تھا۔ ان عبارات سے واضح ہے کہ بشیر ثانی جو مصلح موعود ہے اور جس کا نام محمود بھی ہے وہ بشیر اول کے بعد بلا توقف پیدا ہونے والا تھا۔ چنانچہ خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:-

”سبز اشتہار میں صریح لفظوں میں بلا توقف لڑکا پیدا ہونے کا وعدہ تھا۔ سو محمود پیدا ہو گیا“
(سراج منیر ص۳۴ حاشیہ)

پیدائش مصلح موعود

یکم دسمبر ۱۸۸۸ء (یعنی سبز اشتہار) میں صریح طور پر فرمایا تھا کہ مصلح موعود کا نام محمود اور بشیر ثانی ہے اور فضل اور فضل عمر ہے اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے انزال رحمت کی دوسری قسم کی جو نبیین ائمہ خلفاء اور اولیاء کی صورت میں ہوتی ہے تکمیل ہوگی۔ اس اشتہار کی اشاعت پر ڈیڑھ ماہ بھی نہیں گذرا تھا کہ ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک لڑکا عطا فرمایا جس کے متعلق آپ نے اشتہار تکمیل تبلیغ جو اسی رات کو آپ نے لکھا تھا اس لڑکے کی پیدائش کی ان الفاظ میں خبر دی۔

”خدائے عزوجل نے جیسا کہ اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء اور اشتہار یکم دسمبر ۱۸۸۸ء میں مندرج ہے۔ اپنے لطف و کرم سے وعدہ دیا تھا کہ بشیر اوّل کی وفات کے بعد ایک دوسرا بشیر دیا جائیگا۔ جس کا نام محمود بھی ہوگا اور اس عاجز کو مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ وہ اولوالعزم ہوگا اور حسن و احسان میں تیرا نظیر ہوگا وہ قادر ہے جس طور سے چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ سو آج ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء مطابق جمادی الاوّل ۱۳۰۶ھ روز شنبہ اس عاجز کے گھر میں بفضلہ تعالیٰ ایک لڑکا پیدا ہو گیا ہے جس کا نام بالفعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے۔ اور کامل انکشاف کے بعد اطلاع دی جائے گی۔ مگر ابھی تک مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانے والا ہے یا وہ کوئی اور ہے۔ لیکن میں جانتا ہوں اور محکم یقین سے جانتا ہوں کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے موافق مجھ سے معاملہ کرے گا۔ اور اگر اس موعود لڑکے کے پیدا ہونے کا وقت نہیں آیا تو دوسرے وقت میں وہ ظہور پذیر ہوگا اور اگر مدت مقررہ سے ایک دن بھی باقی رہ جائے گا تو خدائے عزوجل اس دن کو ختم نہیں کرے گا۔ جب تک اپنے وعدہ کو پورا نہ کر لے۔ مجھے ایک خواب میں اس مصلح موعود کی نسبت زبان پر یہ شعر جاری ہوا تھا ؎

اے فخر رسل قرب تو معلومم شد
دیر آمدۂ ز راہِ دور آمدۂ

پس اگر حضرت باری جل شانہ کے ارادہ میں دیر سے مراد اسی قدر دیر ہے کہ جو اس پسر کے پیدا ہونے میں جس کا نام بطور تفاؤل بشیر الدین محمود رکھا گیا ہے ظہور میں آئی تو تعجب نہیں کہ یہی لڑکا موعود لڑکا ہو۔ ورنہ وہ بفضلہ تعالیٰ دوسرے وقت پر آئے گا“

اس اشتہار سے بھی مندرجہ ذیل امور ثابت ہوتے ہیں:-

۱۔ پسر موعود، مصلح موعود، محمود بشیر ثانی ایک ہی مولود کے نام ہیں۔

۲۔ ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو جو لڑکا پیدا ہوا اس کے یہ نام بطور تفاؤل رکھنے سے مراد یہی ہے کہ بظاہر حالات تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہی پسر موعود اور مصلح موعود ہے۔

۳۔ لیکن اگر خدا تعالیٰ کے علم میں مصلح موعود اس کے سوا کوئی اور لڑکا ہے تو وہ ۹ سال کی مدت معینہ کے اندر ضرور پیدا ہوگا۔ اور پھر اس کا نام محمود اور بشیر ثانی رکھا جائے گا۔ کیونکہ وہ مصلح موعود کے نام ہیں۔ (باقی)

درخواست دعا

میری اہلیہ عرصہ سے بیمار چلی آرہی ہے اور کمزور بہت ہو چکی ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کامل عطا فرمائے۔ آمین

(چوہدری) انور دار الصدر غربی۔ ربوہ

حصہ آمد کے بقایا دار اصحاب توجہ فرمائیں

حصہ آمد کے جن موصی احباب کے فارم ہائے اصل آمد سال گذشتہ ۵۶-۵۷ء یا سالہائے گذشتہ ا پُر ہو کر دفتر کو واپس مل چکے ہیں ان کی خدمت میں ۳۰ اپریل ۵۷ء تک کے حسابات بھیجے جا چکے ہیں۔ اور ان کو معلوم ہو چکا ہوگا کہ ان کا حساب صاف ہے یا وہ بقایا دار ہیں۔ اگر ان کا حساب صاف ہے تو انہیں مبارک ہو کہ انہوں نے اپنے عہد کو پورا کر دکھایا۔ لیکن اگر وہ بقایا دار ہیں اور بقایا بھی ان کو تسلیم ہے تو انہیں اس بقایا کو جلد از جلد صاف کرنے کی طرف توجہ کرنی چاہیئے

ہر ایک صاحب جنہوں نے وصیت کی ہوئی ہے خوب جانتے اور سمجھتے ہیں کہ انہوں نے وصیت کر کے اشاعت اسلام کے سامان فراہم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے ایک نہایت نازک اور پاکیزہ عہد کر رکھا ہے۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں۔ کہ یہ عہد اس بات کا مقتضی ہے کہ وصیت کے ماہوار چندہ کو اپنی ہر قسم کی دنیوی ضروریات پر حتی الامکان مقدم کرنا چاہیئے۔ ان کو اس بات کا بھی علم ہے کہ سلسلہ کی بڑھتی ہوئی ضروریات اموال کو چاہتی ہیں۔ لیکن باوجود ان سب باتوں سے پورے طور پر واقف اور باخبر ہونے کے بعض موصی احباب کے ذمہ بقائے ہیں ایسے احباب کو معلوم ہونا چاہیئے کہ صدر انجمن احمدیہ کے قاعدہ کے ماتحت چھ ماہ سے زائد عرصہ کا بقایا دار ہونے کی صورت میں وصیت قابل منسوخ ہو جاتی ہے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے ایسے ہی بقایا داروں کو ان الفاظ میں انتباہ فرمایا تھا۔

"وصیت کا محکمہ ہے وہاں یہ اجازت ہے۔ کہ جب کوئی چاہے وصیت منسوخ کرا دے لیکن پھر بھی لوگ وصیت منسوخ نہیں کرواتے اور چندہ بھی نہیں دیتے۔ جب اخراج از جماعت کی سزا ہوتی ہے تو چندہ ادا کرتے ہیں۔ حالانکہ سیدھا سادہ طریق یہ تھا کہ آمد (اگر) کم ہو گئی ہے تو وصیت منسوخ کروا لو اور جب حالات درست ہو جائیں تو پھر وصیت کر دو۔ لیکن جماعت کے دوست اس پر عمل پیرا نہیں ہوتے۔ وہ ناجائز طریق اختیار کرتے ہیں۔ (یعنی وصیت کر کے باقاعدہ چندہ ادا نہیں کرتے اور بقایا دار بن کر صدر انجمن احمدیہ کے بجٹ آمد منظور شدہ کو پورا نہیں کرتے جس سے سلسلہ کے کئی کاموں کو نقصان پہنچتا ہے۔ ناقل") (الفضل مجریہ ۲۰ ستمبر)

پس اب حصہ آمد کے ہر موصی کو جن کو ان کا ۳۰ اپریل ۵۷ء تک کا حساب پہنچ چکا ہے اپنے حساب پر غور کرنا چاہیئے اگر وہ بقایا دار ہیں تو انہیں اپنا بقایا ادا کر کے بہت جلد اپنا حساب صاف کر دینا چاہیئے دفتر کی طرف سے بقایا دار اصحاب سے بذریعہ خطوط بھی مطالبات کئے جا رہے ہیں۔ لیکن مبارک اور قابل رشک نمونہ ہوگا۔ ان اصحاب کا جو مطالبہ آنے سے پہلے اپنا حساب صاف کر کے اللہ تعالےٰ کے حضور اجر اور ثواب کے مستحق بن جائیں گے۔

اگر کوئی صاحب سمجھتے ہیں کہ دفتر کا مرسلہ حساب درست نہیں ہے اور ان کے ذمہ ۳۰ اپریل ۵۷ء تک اتنا بقایا نہیں ہے جتنا دفتر کے مرسلہ حسابی فارم میں ظاہر کیا گیا ہے تو وہ معین طور پر بہت جلد مطلع فرمائیں۔ کہ ان کے حساب میں کیا غلطی ہے کونسی رقم ان کے حساب میں درج نہیں ہے اور وہ رقم انہوں نے کس تاریخ کو اور کس رسید نمبر کے ذریعہ اپنے مقامی سیکرٹری مال کو ادا کی تھی۔ یا داخل خزانہ کی تھی اس معین اطلاع کے آنے کے بعد ان کے حساب کی دوبارہ پڑتال کی جائے گی اور غلطی ثابت ہونے پر حساب کو درست کر کے شکریہ کے ساتھ ان کو اطلاع دی جائے گی۔

اگر کسی صاحب کو باوجود فارم اصل آمد پُر کر کے بھجوا دینے کے حساب نہ پہنچا ہو تو وہ بھی مطلع فرمائیں تا دیکھا جائے کہ حساب کی تیاری اور ترسیل میں کیوں تاخیر ہو رہی ہے۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز — ربوہ

بشارات رحمانیہ حصہ سوم

کی تیاری کے متعلق ضروری اعلان

احباب جماعت یہ سنکر یقیناً خوش ہوں گے کہ بشارات رحمانیہ حصہ دوم مطبوعہ ۱۹۵۶ء جیسا کہ متعدد احباب کی زبانی معلوم ہوا ہے۔ تبلیغی لحاظ سے نہایت مؤثر اور مفید ثابت ہوئی ہے۔ بہت سے گم گشتگانِ راہ اس سے ہدایت یاب ہوئے ہیں اور بہت سے احمدیت سے نفرت کرنے والے اور بھاگنے والے پڑھ کر اب اللہ تعالےٰ کے فضل سے سلسلہ کے بہت قریب آ چکے ہیں

بزرگان سلسلہ کے ارشادات اور احباب جماعت کے پیہم تقاضوں کے پیش نظر اب یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جن احباب پر حضرت مسیح موعود اور حضرت مصلح موعود علیہما السلام کی صداقت اور عظمت شان بذریعہ رؤیا و کشوف و الہام منکشف ہوئی ہو۔ وہ اپنے ایسے تمام رؤیا و کشوف حلف مؤکد بعذاب کے ساتھ لکھکر فوراً بھیجدیں۔ اس ضمن میں یہ امر خاص طور پر ملحوظ رکھیں کہ حضرت امیر المومنین المصلح الموعود کی استجابت دعا کے واقعات بھی لکھ کر بھیجیں۔ اگر کسی مصیبت، مشکل یا دکھ کے حل اور حصول اولاد کے بارے میں حضور سے دعا کرائی گئی ہو اور اس کے جواب میں حضور کا کوئی دعائیہ خط آیا ہو۔ تو اس کی مصدقہ نقل یا عکس اور اس دعا کے پورا ہونے کے تفصیلی حالات لکھیں اور اگر ممکن ہو تو اس دعائیہ نشان کے پورا ہونے کی غیر از جماعت دوستوں سے تصدیق بھی کرا لیں۔ لا تکتموا الشھادۃ کا ارشاد خداوندی کے پیش نظر امید ہے کہ آپ اپنی شہادت کے اظہار میں ہرگز سستی نہیں کریں گے۔

نوٹ:۔ اپنا پاسپورٹ سائز فوٹو بھی کتاب میں اندراج کے لئے بھجوائیں جس کے اخراجات بلاک اور طباعت وغیرہ خود آپ کے ذمے ہوں گے۔

خادم سلسلہ عبدالرحمٰن بشر مؤلف بشارات رحمانیہ

بلاک ۲ ڈیرہ غازیخاں

حضور ایدہ اللہ کی صحت کیلئے صدقات اور دعائیں

چک ۱۶۸ مراد ضلع بہاولنگر

جماعت احمدیہ چک ۱۶۸ مراد ضلع بہاولنگر نے حضور اقدس کی صحت و عافیت کے لئے اجتماعی دعا کی اور بطور صدقہ ایک بکرا ذبح کر کے غربا میں تقسیم کیا مولا کریم حضور کو لمبی صحت و عافیت عطا فرماوے۔

خاکسار فیروز خاں پریذیڈنٹ جماعت چک ۱۶۸ مراد بہاولنگر

بدوملہی

حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی صحت و درازی عمر کے لئے اجتماعی دعا کی گئی اور ایک دنبہ صدقہ دیا گیا گوشت غربا میں تقسیم کیا گیا

شیخ محمد بشیر ضلع سیالکوٹ تحصیل نارووال

بھاگلپور سٹی (بہار)

بھاگلپور سٹی بہار مورخہ ۱۲-۱۲-۵۷ء سیدنا حضرت المصلح الموعود ایدہ اللہ الودود کی صحت و سلامتی اور درازی عمر کے لئے مقامی جماعت کیطرف سے ایک بکرا بطور صدقہ ذبح کیا گیا اور گوشت غرباء مساکین اور بتامیٰ میں تقسیم کیا گیا نیز ۱۲-۱۳-۵۷ء بعد نماز جمعہ مسجد احمدیہ میں اجتماعی دعا کی گئی اللہ تعالےٰ حضور کو صحت والی لمبی عمر عطا فرماوے آمین

خاکسار قریشی عبدالحق مبلغ جماعت احمدیہ بھاگلپور بہار ۱۲-۱۲-۵۷ء

لجنہ اماء اللہ حلقہ مسجد احمدیہ کوئٹہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی صحت کیلئے دعا کی تحریک پر" لجنہ اماء اللہ حلقہ مسجد احمدیہ کوئٹہ نے ایک بکرا لنگر خانہ کی معرفت ذبح کرا کر غرباء میں تقسیم کروا دیا ہے"

(خاکسار مرزا معظم بیگ عفی عنہ افسر لنگر خانہ ربوہ)

۱۹۶۵ء میں انگریزی کی بجائے ہندی کو سرکاری زبان بنانے کا فیصلہ ناقابل عمل ہے

جنوبی بھارت کے تین صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کا مشترکہ بیان

مدراس ۳ جنوری۔ جنوبی بھارت کے تین صوبوں آندھرا۔ مدراس اور میسور کے وزرائے اعلیٰ نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مرکزی حکومت کا یہ فیصلہ ناقابل عمل ہے کہ ۱۹۶۵ء سے انگریزی کو مرکز کی سرکاری زبان کی حیثیت سے باقی نہ رکھی جائے۔

یہ بیان ایک کانفرنس کے بعد جاری کیا گیا ہے جس میں سرکاری زبان کے کمیشن کی رپورٹ سے پیدا شدہ صورت حال پر غور کیا گیا تھا۔

یاد رہے کہ بھارتی آئین کے تحت ۱۹۶۵ میں انگریزی ترک کر دی جائے گی اور ہندی مرکز کی واحد سرکاری زبان بن جائے گی۔

یہ کانفرنس مہابلی پورم میں منعقد ہوئی تھی اور اس میں یہ بنیادی موقف بھی قبول کر لیا گیا کہ ہندی کو بالآخر سرکاری زبان قرار دیا جائے۔

ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں کو سرسبز و شاداب بنانے کا منصوبہ

ڈیرہ اسماعیل خاں ۳ جنوری حکومت مغربی پاکستان نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں کو سرسبز و شاداب بنانے کے لئے ایک جامع منصوبہ مرتب کیا ہے۔ جس کے تحت زمینداروں کو ٹیوب ویل لگانے کے لئے حکومت کی جانب سے امداد دی جا رہی ہے

صوبائی حکومت نے اس علاقے میں نئے ٹیوب ویل لگانے کے لئے ۸ لاکھ روپے منظور کئے ہیں۔ اس وقت تک ساٹھ کے قریب ٹیوب ویل لگائے جا چکے ہیں۔ امید ہے کہ باقی کام بھی جلد ہی مکمل ہو جائے گا۔

ماہرین کا خیال ہے کہ اگر اس علاقہ میں آب پاشی کی سہولتیں مہیا کر دی گئیں تو نہ صرف یہاں غلہ کی فراوانی ہو گی بلکہ بہت سا فاضل غلہ بھی پیدا ہونے لگے گا۔

قومی اسمبلی نے تین سرکاری بل منظور کر لئے

ڈھاکہ ۳ جنوری کل ڈھاکہ میں قومی اسمبلی کا دوسرا اجلاس شروع ہو گیا اور ۴۵ منٹ کی نشست میں تین سرکاری بل منظور کر لئے گئے۔ موجودہ پروگرام کے مطابق یہ اجلاس ۵ جنوری تک جاری رہے گا۔ جو بل منظور کئے گئے ان کا مقصد پاکستان ایڈورکس ایکٹ انکم ٹیکس ایکٹ اور رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم ہے۔

محکمہ خوراک کے نئے سیکرٹری اور کمشنر

لاہور ۳ جنوری۔ بورڈ آف ریونیو میں آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی مسٹر نیاز احمد سی ایس پی کو فوڈ کمشنر اور محکمہ خوراک حکومت مغربی پاکستان کا سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔

مقبوضہ کشمیر میں فاقہ کشی سے اموات

سیالکوٹ ۳ جنوری مقبوضہ کشمیر سے موصول ہونے والی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ وادی جموں و کشمیر میں غذائی صورت حال انتہائی خراب ہو گئی ہے اور اب تک وہاں فاقوں سے ۲۴ افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ فاقہ کشی سے تنگ آ کر اس علاقہ کی آبادی نے جموں سے نقل مکانی شروع کر دی ہے۔ اب تک بیس ہزار سے زائد افراد جموں چھوڑ چکے ہیں۔ ان میں سے اکثر افراد تلاش روزگار کے لئے پاکستان کا رخ کر رہے ہیں۔ گذشتہ چند دنوں میں تین سو سے زائد کشمیری مختلف راستوں سے پاکستان پہنچ چکے ہیں۔

انتخابات کے بغیر سیاسی زندگی کی تطہیر ممکن نہیں

کشور گنج ۳ جنوری۔ ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم چوہدری محمد علی نے اعلان کیا کہ عام انتخابات جلد ہونے چاہئیں۔ تاکہ عوام بدعنوان لوگوں کو عہدوں اور سیاسی زندگی سے نکال باہر کریں۔ اور ان کی جگہ دیانت دار اور قابل نمائندے منتخب کر سکیں۔

چوہدری محمد علی نے کہا۔ انتخابات کے وقت اصل اختیار عوام کے ہاتھوں میں منتقل ہو جاتا ہے اور اگر انہوں نے اس اختیار کا صحیح استعمال کیا تو وہ ملک میں حقیقی جمہوریت قائم کر سکیں گے اور اس جمہوریت میں ہر کسی کو روٹی کپڑا تعلیم اور امن و سکون میسر ہو گا۔ اگر آپ نے دیانتدار اور قابل نمائندے منتخب کئے تو یہاں اچھی حکومت قائم ہو گی

پاکستان بھارت کے ساتھ دوستانہ تعلقات کا خواہشمند ہے

صدر پاکستان میجر جنرل سکندر مرزا کا بیان

کراچی ۴ جنوری صدر سکندر مرزا نے کہا ہے۔ کہ پاکستان بھارت سے دوستانہ تعلقات قائم کرنے کا خواہشمند ہے۔ صدر نے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے موجودہ تعلقات "اچھے نہیں ہیں۔" اور اس کی سب سے بڑی وجہ کشمیر اور نہری پانی کے تنازعات ہیں

